ٹریننگ ماڈیول3

# بایومیٹرک ڈیٹا انٹری

**UIDAI**

بھارت کی منفرد پہچان اتھارٹی

Urdu Language

February 2015

# فہرست مضامی


**تعارف ........ 2**
**مقاصد ........ 2**
**ہارڈ ویئر آلات ........ 2**
**بایو میٹرک ڈاٹا کو حاصل کرنے والے آلات ........ 3**
**چہرےکا عکس ........ 3**
ڈیجیٹل کیمرہ ........ 3
چہرے کا عکس حاصل کرنے کے لیے اسٹیپس ........ 4
چہرے کا عکس حال کرنے کے لیے ہدایات ........ 7
**ڈاٹا کوالیٹی ........ 12**
**فنگر پرنٹ ........ 14**
فنگر پرنٹ اسکینر ........ 14
فنگر پرنٹ کا عکس لینے کے لیے اسٹیپس ........ 14
ہدایات برائے فنگر پرنٹ اسکیننگ ........ 18
**ڈاٹا کا معیار ........ 24**
**آنکھ کی پتلی ........ 25**
آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ ........ 25
آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کی اسٹیپ ........ 27
آنکھ کی پتلی اسکین کرنے کے لیے ہدایات ........ 29
**ڈاٹا کا معیار ........ 30**
**انفرادی علامت کی تشخیص ........ 31**
**غیر بایومیٹرک آلات ........ 36**
**کمپیوٹر ........ 36**
ڈیسک ٹاپ ........ 36
لیپ ٹاپ ........ 37
سافٹ ویئر ........ 38
**پرنٹر ........ 39**
**انرولمنٹ آپریٹر کے لئے قواعد و ضوابط ........ 40**
**یکبارگی سرگرمی ........ 40**
**دن کی شروعات ........ 40**
**انرولمنٹ کے وقت ........ 40**
**ڈیموگرافک ڈاٹا کیپچر کرتے ہوئے ........ 41**
**حوالہ جات اور بینک کی معلومات حاصل کرتے وقت ........ 41**
**بایو میٹرک معلومات لیتے وقت ........ 41**
**تصویر کشی کرتے وقت ........ 41**
**انگلیوں کے نشان لیتے وقت ........ 42**
**آنکھوں کی شعاع قید کرتے ہوئے ........ 42**
**ریویو، تصدیق اور پرنٹ کرتے وقت ........ 43**
**دستاویز کی تنظیم کے وقت ........ 43**
**دستاویز کی تنظیم کے وقت (جب اسکین کی سہولت مہیا ہو) ........ 44**
**نواہی ........ 44**

## تعارف

افراد کی شناخت کے لیے متعارف کردہ نظاموں کی خامیوں پر قابو پانے کے لیے آدھار کی مکمل حکمت عملی کی بنیاد ٹیکنالوجی پر ہے۔
آدھار ان غلطیوں اور نقل کو روکتا ہے جو سابقہ نظاموں کی بڑی خامی تھی، کسی فرد کی شناخت کو بایومیٹرک معلومات سے جوڑکرجو فرد کے لیے انوکھی ہیں۔ مختلف آلات اورسافٹ ویئر کا استعمال بایومیٹرک معلومات کو حاصل کرنے اور جمع کرنے کے لیے ہوتا ہے۔
یہ ماڈیول آپ کو ان آلات سے متعارف کرائے گا جن کو کسی آدھار اندراج مرکز پر ڈیموگرافک اور بایومیٹرک دونوں معلومات جمع کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ بایومیٹرک ڈیٹا کو بایومیٹرک آلات اور آدھار اندراج خریدار سافٹ ویئر کا استعمال کرکےحاصل کیا جاتا ہے۔
نیز یہ آپ کو دیگر آلات سے متعارف کراتا ہے جو حاصل شدہ معلومات کو جمع کرنے اور اندراج کے عمل کو مکمل کونے اور سی آئی ڈی آر کو معلومات بھیجنے کے لیے ضروری دستاویز کو وجود میں لانے میں مدد کرتے ہیں۔
انتہائی لازمی طور پر یہ حصہ بایومیٹرک معلومات بہترین کوالیٹی اور استعمال کیے جانے والے آلات کے بہترین عمل کو حاصل کرنے کی ضرورت پر مرکوز ہوتا ہے۔

## مقاصد

اس ماڈیول کے اختتام پر آپ کو مندرجہ ذیل چیزوں کے بارے میں معلومات حاصل ہوں گی:

- بایومیٹرک ڈاٹا
- بایومیٹرک آلات کی مختلف قسمیں
- چہرے کا عکس حاصل کرنے کا عمل
- فنگرپرنٹ ڈاٹا کو حاصل کرنے کے لیے اقدامات
- آنکھ کی پتلی کا عکس حاصل کرنے والے آلے کو سنبھالنا
- اندراج کی کاروائی میں نان بایومیٹرک آلات

## ہارڈ ویئر آلات

باشندے کے اندراج میں استعمال ہو نے والے ہارڈ ویئر آلات کی دو زمروں میں درجہ بندی کی جا سکتی ہے:

1. بایومیٹرک آلات
2. نان بایومیٹرک آلات

**بایومیٹرک آلات** کا استعمال بایومیٹرک تفصیلات کو حاصل کرنے میں ہوتا ہے جیسے ہر اندراج کرانے والے کے فنگرپرنٹ،آنکھ کی پتلی کا نقشہ اور چہرے کی تصویر۔ یہ آلات مندرجہ ذیل ہیں۔

1. فنگر پرنٹ اسکینر
2. آنکھ کی پتلی حاصل کرنے والا آلہ
3. ڈیجیٹل کیمرہ

**نان بایومیٹرک آلات** ڈیٹا کو داخل کرنے، پڑھنے، جمع کرنے،پرنٹ کرنے، اسکین کرنے اور تصویر لینے کے لیے استعمال کیے جانے والے۔آلات جیسے یو پی ایس اور برقی جنریٹر توانائی سے متعلق معاملات کوحل کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ آلات مندرجہ ذیل ہیں۔

1. کمپیوٹر

2. پرنٹر
3. اسٹوریج ڈیوائس(سی ڈی/ڈی وی ڈی/پین ڈرائو/قابل حمل ہارڈ ڈسک )
4. جی پی ایس ڈونگل
5. اسکینر
6. فوٹو کاپی کرنے کا آلہ
7. یو پی ایس
8. یونیورسل سیریل بس (یو ایس بی) ہب
9. برقی جنریٹر

ان نان بایومیٹرک آلات کے بارے میں آپ کو اس ماڈیول میں بعد میں معلوم ہوگا۔

## بایو میٹرک ڈاٹا کو حاصل کرنے والے آلات

بایومیٹرک کسی فرد کی شناخت کو قائم کرتا ہے اس شخص کی ظاہری حالت،کیمیکل یا رویے کی خاصیت کی بنیاد پر۔

**نقشہ 1: بایومیٹرک آلات اور ان کا استعمال**

| بایومیٹرک آلات | استعمالات |
|---|---|
| ڈیجیٹل کیمرہ | چہرے کے عکس کا حصول |
| آنکھ کی پتلی حاصل کرنے والا آلہ | آنکھ کی پتلی کا عکس |
| فنگرپرنٹ اسکینر | فنگرپرنٹ کا حصول |

## چہرےکا عکس


**نقشہ 1: ڈیجیٹل تصویر**

چہرے کی تصاویر کا استعمال عام طور پر مختلف قسم کے شناخت ناموں میں ہوتا ہے اور یہ بایومیٹرک شناخت نشانی کے طور پر وسیع پیمانے پر قبول کیا جاتا ہے۔ چہرے کی شناخت کے نظام میں نمونہ لینے والے بایومیٹرک نظام کی سب سے کم مخل قسم ہے، جس میں رابطے اور موضوع سے آگاہی کی بھی ضرورت نہیں ہے۔فیشیل بایومیٹرک کو تصاویر، ویڈیو ٹیپ یا دیگر عکس کے ذرائع سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔
چہرے کی توثیق کے خودکار نظاموں کے اچھی طرح کام کرنے کے لیے روشنی کے محدود ذرائع کا استعمال کرکے چہرے پر روشنی کا اچھی طرح ہونا ضروری ہے۔ چہرے سے متعلق معلومات ڈی ڈپلیکیشن کو یقینی بنانے کے لیے مناسب نہیں ہیں۔ ایک مسکراہٹ بھی کافی طور پر چہرے مہرے کو بدل سکتی ہے اور نظام پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔ لہٰذا درست شناخت کے لیے چہرے کا فطری تاثر مطلوب ہے۔ اس کا استعمال شناخت کے مقاصد کے لیے ہوتا ہے لیکن توثیق کے لیے مطلوب درستگی کی سطح کے ساتھ نہیں چلتا ہے۔
نقشہ 1 ڈیجیٹل فوٹو کو ظاہر کرتی ہے جو چہرے کی توثیق کے لیے ڈیجیٹل کیمرے کا استعمال کرکے لیا گیا ہے۔

**ڈیجیٹل کیمرہ**

ڈیجیٹل کیمرے کا استعمال چہرے کی تصویر کو ڈیجیٹل شکل میں حاصل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ یو ایس بی (عالمی متواتر گذرگاہ) پورٹ کے ذریعے لیپ ٹاپ/ ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر سے مربوط ہوتاہے۔ ڈیجیٹل کیمرہ ایک خود کار فوکس لینس اور بڑھتی بنیاد کو شامل ہوتا ہے۔ لینس خود بخود آدمی کے چہرے پرمرکوز ہو سکتا ہے۔ بڑھتی بنیاد کیمرے کو لیپ ٹاپ/ ڈیسک ٹاپ پر لگانے میں مدد کرتا ہے۔ یہ عکس کا اندازہ لگانے کے فورا بعد ان کو دکھاتا ہے۔

ڈیجیٹل کیمرے میں مندرجہ ذیل خصوصیات ہوتی ہیں:

- **حل**۔ تصویر 'نقطوں' یا 'پکسل' کی ایک بڑی تعداد سے بنی ہوتی ہے۔ حل کا دارومدار' پکسلز'کی تعداد پر ہوتا ہے۔ پکسل کی بڑی تعداد کا مطلب ہے تفصیلات کا وسیع مشاہدہ اور اسی لیے تصاویر کی بہتر کوالیٹی۔
- **شگاف**۔ یہ خلا کا سائز ہے جو روشنی کو کیمرے میں داخل ہونے اور امیج سینسر پر گرنے کی اجازت دیتا ہے۔ شگاف سائز ہاتھ سے یا خود بخود درست ہو سکتا ہے کیمرے کی قسم پر دارومدار کرتے ہوئے۔درست کرنے کا دارومدار تصویر کشی کئے جانے والے شخص یا چیز پر پڑنے والی روشنی پر ہوگا۔
- **پردے کی رفتار**۔ یہ وقت کی مدت کو متعین کرتا ہے جس کے لیے شگاف کھلتا ہے۔
- **فوکل لینتھ** – یہ لینس اور امیج سینسر کی سطح کے درمیان کی دوری ہے۔ فوکل لینتھ امیج کو بڑا کرنے اور اوپر کرنے کے عمل کو متعین کرتا ہے۔




**نقشہ2: ڈیجیٹل کیمرہ**

## چہرے کا عکس حاصل کرنے کے لیے اسٹیپس

اندراج آپریٹر کو ڈیجیٹل کیمرہ استعمال کرکے کسی اندراج کرانے والے یا کسی باشندے کےچہرے کا عکس لینا چاہیے۔



**نقشہ3: اندراج آپریٹر اور اندراج کرانے والے کی پوزیشن**

**مشق 1: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

1. تیسرے نقشے میں، بائیں جانب والا شخص اندراج کرانے والا ہے جبکہ دائیں جانب والا شخص اندراج آپریٹر ہے
2. کیا آپ کیمرے کی شناخت کر سکتے ہیں؟
3. اس روشنی والے بلب کی کیا ضرورت ہے جو اندراج اسٹیشن کے اوپر لٹکا ہوا ہے؟
4. لیپ ٹاپ میں اسکرین ہوتی ہے تو دوسرے مونیٹر کیوں؟
5. وہ سفید اسکرین جو کھڑے ہوئے شخص کے پیچھے ہے کس کام آتی ہے؟

فیس بایومیٹرک ڈیٹا کو حاصل کرنے کی اسٹیپس مندرجہ ذیل ہیں:

1. **اندراج کرانے والے: کی پوزیشن کو جانچنا:** فوٹو کھینچا جائے جبکہ باشندہ کیمرے کے براہ راست سامنے ہو۔ سر کو ہلانا یا جھکانا قابل قبول نہیں ہے

2. **کیمرے کو درست کرنا** : صحیح فاصلے اور وضع کے لیے یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپریٹر کو اندراج کرانے والے کی پوزیشن کو بدلنے کی جگہ کیمرے کو درست کرنا چاہیے۔

3. **اندراج کرانے والے کے تاثر کو جانچنا:** آپریٹر کو یہ بات یقینی بنانی ہوگی کہ اندراج کرانے والے کا تاثر فطری ہے۔ مثال کے طور پر اندراج کرانے والا فوٹو کھچوانے کے وقت مسکرا نہ رہا ہو۔ فوٹو کھچواتے وقت باشندے کا منھ بند ہونا چاہیے اور دونوں انکھیں کھلی ہونی چاہیے۔

4. **پرچھائی/ عکس کو جانچنا:** چہرے کے اچھے عکس کے لیے مناسب روشنی ہونی چاہیے۔ آپریٹر کو یہ ضرور یقینی بنانا چاہیے کہ اندراج کرانے والے کے چہرے پر پرچھائی نہیں ہے اور اور ان کی آنکھوں میں کوئی عکس نہیں ہے۔اضافی روشنی کا ذریعہ اندراج کرانے والے کے سامنے رکھا ہونا چاہیے تاکہ آنکھوں کے اندر کوئی پرچھائی نہ ہو۔

5. **آنکھ کے چشموں کے اندر سے آنکھ کی پتلی کے ظہور کو جانچنا:** اگر اندراج کرانے والا چشمہ لگائے ہوئے ہے، تو تصویر شیشے کے ساتھ لیا جانا ضروری ہے. لیکن آپریٹر کو اس بات کی یقین دہانی کرنی ہے کہ آنکھ کی پتلی کو واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے اور یہ کہ اندراج کرانے والا سیاہ / رنگین دھوپ کے چشمے نہیں پہنے ہوئے ہے.

6. **دستی طور پر تصویر کا حصول:** آپریٹر چہرے کی تصویر حاصل کرنے کے لیے آدھار اندراج کلائنٹ ایپلیکیشن سافٹ ویئر میں ایک بٹن دبانا ہے . تصویر کے معاملے میں حصول کا کوئی خودکار طریقہ کار نہیں ہے.

**مشق 2: چہرے کا عکس**

- اندریج کرانے والے کے چہرے کا عکس حاصل کرنے کی اسٹیپس کی فہرست بنائیے۔
- درست بیان انتخاب کریں.
  a. آپریٹر کو اندراج کرانے والے کی پوزیشن کے بجائے ڈیجیٹل کیمرے کی پوزیشن کو درست کرنا چاہئے.
  b. آپریٹر کو ڈیجیٹل کیمرے کی پوزیشن کو درست کرنے کے بجائے اندراج کرانے والے کی پوزیشن کو درست کرنا چاہئے.

## منظر نامہ 1: پگڑی پہنے ہوئے شخص کے چہرے کے عکس کا حصول






**چہرے کا عکس حاصل کرنے کے لیے ہدایات**

1. تصویر حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جانے والا ڈیجیٹل کیمرہ خود کار توجہ ٹیکنالوجی کے ساتھ فعال ہے۔ لہٰذا اس میں آپریٹر کی طرف سے توجہ کی درستگی کی ضرورت نہیں ہے۔

2. آپریٹر کو ضرور اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ حاصل شدہ عکس کیمرے کے جھٹکا لگنے یا حرکت کرنے کی وجہ سے دھندلا نہیں ہے۔ عکس نہ زیادہ کالا ہو اور نہ زیا دہ چمکدار ہو۔

3. اگر کم وولٹیج کی وجہ سے کافی روشنی نہی ہے تو پھر آپریٹر اندراج ایجینسی کے منتظم سے جنریٹر بیک اپ استعمال کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔

   اگر کسی خاص کمرے میں روشنی کی حالت مناسب نہیں ہے تو پھر آپریٹر اندراج ایجینسی کے منتظم سے اندراج اسٹیشن کو اچھی روشنی والے کمرے میں تبدیل کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔

   مندرجہ بالا صورتوں میں سے کسی میں، آپریٹر کو تصویر حاصل کرنے کے لیے فلیش روشنی کا استعمال نہیں کرنا چاہئے.

4. غیر واضح دیوار/ پارٹیشن کے سامنے بیک ڈراپ(رہائشی کے پیچھے ایک سفید پس منظر) رکھنا قابل ترجیح ہے۔

5. آپریٹر پگڑی یا اسکاف یا کوئی دوسرا کپڑا پہنے ہوئے رہائشی کے چہرے کا عکس لے سکتا ہے۔ ان کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کا مکمل چہرہ دیکھ رہا ہے۔ رہائشی کا مکمل چہرہ لینے کے لیے آپریٹر کو کیمرے کی پوزیشن کو درست کرنا ہوگا۔

6. ایسی زائد لازمی اشیاء کے استعمال کی اجا زت نہیں ہے جو چہرے کے کسی حصئے کو ڈھک دے، تاہم زائد لازمی اشیاء جیسے آنکھ کی پٹی کی طبی حالات کی بنا پر اجازت ہے

7. خاتون رہائشی کا اندراج کرتے ہوئے، خاتون رضاکار رہائشی کی مدد کرے جہاں کہیں ضرورت ہو۔
8. اندراج کرانے والے کے بچہ ہونے کی صورت میں، اس کی ماں کی گود میں بیٹھنے کی اجازت ہو سکتی ہے۔ لیکن آپریٹر کو ضرور یقینی بنانا ہوگا کہ بچے کے چہرے کے ساتھ ماں کا چہرہ نہیں آ رہا ہے۔ اس صورت میں غیر سفید اسکرین کی وجہ سے پس منظر کو رد کیا جا سکتا ہے
9. آپریٹر کو ضرور یقینی بنانا چاہیے کہ اندراج کرانے والے کے چہرے کا تاثر فطری ہے مثال کے طور پر، مسکراہٹ کا نہ ہونا، چہرے کا کھلا ہونا اور آنکھوں کا بند ہونا۔
10. آپریٹر کو ضرور یقینی بنانا چاہیے کہ مناسب اور برابر پھیلی ہوئی لائٹ ہے اور یہ کہ رہائشی کے چہرے اور آنکھ پر کوئی پرچھائی نہیں ہے
11. رہائشی کی آنکھ کا چشمہ صاف اور شفاف ہونا چاہیے تاکہ آنکھ کی پتلی اور پپل دونوں واضح طور پر دکھائی دے رہے ہوں۔اگر اندراج کرانے والے نے رنگین چشمہ پہنا ہے تو پھر سامنے اور پس منظر کی روشنی کے ذرائع موزوں طریقے پر بہتر ہوں۔

**مشق 3: یاد رکھئے---**

| |
|---|
| نیہا اپنا اندراج کرانے کے لیے اندراج مرکز میں آئی۔ کرن اندراج مرکز میں نئی آپریٹر ہے چہرے کا عکس لیتے ہویے اس کو کن چیزوں کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔ |

## منظر نامہ 2: برقعہ پہنی ہوئی عورت - چہرے کی تصویر اخذ کرنا






**مشق 4: تصویر سے متعلق معاملات**

وہ مختلف معاملات کیا ہیں جن کو سپریا نے فاطمہ کا فوٹو لیتے وقت قبول کیے؟ نیچے دی ہوئی لسٹ پر نشان لگائیے:

- توجہ مرکوز کرنے سے متعلق معاملات
- روشنی سے متعلق معاملات
- رہائشی کے چہرے کے تاثر سے متعلق معاملات
- خلفی عکس کی پریشانیاں
- رہائشی کی پوزیشن کی پریشانیاں
- تہذیب سے متعلق مسائل





**مشق 5: بچے کی تصویر لینے سے متعلق معاملات**

وہ مختلف معاملات کیا ہیں جن کو آپریٹر نے چنٹو کا فوٹو لیتے وقت قبول کیے؟ نیچے دی ہوئی لسٹ پر نشان لگائیے:

- توجہ مرکوز کرنے سے متعلق معاملات
- روشنی سے متعلق معاملات
- رہائشی کے چہرے کے تاثر سے متعلق معاملات
- خلفی عکس کی پریشانیاں
- رہائشی کی پوزیشن کی پریشانیاں
- تہذیب سے متعلق مسائل

## ڈاٹا کوالیٹی

کبھی کبھی کھیچی گئی تصویر متوقع معیار پر پوری نہیں اترتی ہے۔ آپ کو آے ای سی کے ذریعہ فراہم کردہ ایکشنیبل فیڈ بیک کے مختلف پہلؤوں کو ضرور دیکھنا چاہیے۔ باشندے کی تصویر لیتے وقت اگر ایک یا ایک سے زائد غلطیاں ہوتی ہیں، فیس کوالیٹی ڈیٹیلس پوپ اپ ونڈو خود بخود نمودار ہوتا ہے۔ کوالیٹی ڈیٹیلس دیکھنے کے لئے **ایکشنیبل فیڈ بیک**( ) علامت پر کلک کریں۔




**فیس کوالیٹی ڈیٹیلس**

**فیس کوالیٹی ڈیٹیلس** پوپ ان ونڈو معیار، مطابقت اور ہر صفت کے لئے تبصرے پیش کرتا ہے۔

ایکشنیبل فیڈ بیک کے کچھ تبصرے یوں ہیں:

- چہرہ نہیں ملا
- نام اندراج کنندہ بہت دور (اِن پٹ امیج میں انکھوں کی دوری 90 سے کم ہے)
- نام اندراج کنندہ بہت قریب (اِن پٹ امیج میں آنکھوں کی دوری امیج کی چوڑائی کے ایک تہائی سے بڑی ہے)

- پوز (سیدھا دیکھیے)
- ناکافی روشنی
- بہت کم چہرے کا تاثر (بے چہرہ، شئے کی شناخت انسانی چہرے کے طور پر نہیں ہوتی)
- پوز (جھکا ہوا زاویہ آؤٹ پٹ امیج میں 11.5 ڈگری سے زیادہ ہے-)
- (آؤٹ پٹ امیج میں چہرے کی) غیر مناسب روشنی
- (آؤٹ پٹ امیج میں) غلط بیک گراؤنڈ
- ناکافی روشنی (آؤٹ پٹ امیج ایریا میں)

## فنگر پرنٹ

وہ لائنیں جو آپ اپنی انگلیوں پر دیکھتے ہیں،جوکھال کے ابھرے ہوئے حصوں کی وجہ سے ہوتے ہیں،سطح کی خاص قسموں پر اپنا اثر چھوڑ سکتی ہیں۔ اس طرح کے اثر کو فنگر پرنٹ کہتے ہیں۔

فنگر پرنٹ کسی شخص کی شناخت کے لیے سب سے زیادہ روایتی طریقوں میں سے ایک کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ فنگر پرنٹ کو کم قیمت اور اثردار طریقے واللے فنگر پرنٹ لینے والے آلے، جس کو فنگر پرنٹ اسکینر بھی کہا جاتا ہے، کی مدد سے آسانی کے ساتھ اسکین کیا جا سکتا ہے۔ فنگر پرنٹ کے عکس شیشے کی ایک شفاف پلیٹ کے ذریعے،جس کو پلیٹین کہا جاتا ہے، اسکین کیے جاتے ہیں جس پر انگلیاں رکھی جاتی ہیں۔حاصل ہونے والا عکس کمپیور میں جمع ہو جاتا ہے۔



**نقشہ 4: فنگر پرنٹ کے نمونے**

**نوٹ**

کسی بشخص کے فنگر پرنٹ کا ظاہر اور اسی طرح ڈیجیٹائزیشن کے عمل کا انحصار ہوتا ہے،

- عمر- آدمی کے فنگر پرنٹ میں تبدیلی آ سکتی ہے جیسے جیسے آدمی بڑا ہوتا ہے
- انگلیوں پر خارجی مادے کی موجودگی- جیسے تیل۔ دھول، کیچڑ
- انگلی پر کٹ اور زخم
- آدمی کے طرز زندگی اور پیشے پر انحصار کرتے ہوئے نمونوں کی اہمیت

### فنگر پرنٹ اسکینر

اندراج اسٹیشن پر فنگر پرنٹ لیے جاتے ہیں ڈیجیٹل سلیپ فنگر پرنٹ اسکینر سے جو یو ایس بی پورٹ کے ذریعے لیپ ٹاپ/ ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر سے جڑا ہوتا ہے۔ اس میں شیشے کی ایک ہموار پلیٹ ہوتی ہے تختی کے نام سے مشہور ہے جس سے فنگر پرنٹ لینے مدد ملتی ہے جب انگلیاں اس پر رکھی ہوتی ہیں جبکہ انگلیوں کو صحیح جگہ رکھنے کے تعلق سے اشارہ کرنے والے آلے استعمال کرنے والے کی رہنمائی کرتے ہیں۔ سلیپ فنگر پرنٹ اسکینر کی صورت میں ہاتھ کی چاروں انگلیوں کے نشان ایک وقت میں لے لیے جاتے ہیں۔پھر دونوں انگوٹھوں کے نشان بیک وقت لے لیے جاتے ہیں۔




**نقشہ 5:فنگر پرنٹ کے لیے سلیپ اسکینر**

### فنگر پرنٹ کا عکس لینے کے لیے اسٹیپس

اندراج آپریٹر کو چاہیے کہ وہ ہر ہاتھ کی پانچوں انگلیوں کے نشان لے یعنی دونوں ہاتھوں کی دس انگلیاں۔ کچھ طریقے کار ہیں جن پر عمل کرنا چاہیے اگر آدمی کے دس سے زیادہ یا کم انگلیاں ہیں۔

مندرجہ ذیل اسٹیپ اس بات کی وضاحت کرتی ہیں کہ کس طرح اندراج کرانے والے(رہائشی) کا فنگر پرنٹ عکس لیا جاتا ہے:

1. **بائیں ہاتھ کے فنگر پرنٹ: سب سے پہلے**، انگوٹھے کو چھوڑکر بائیں ہاتھ کی چاروں انگلیوں کے فنگر پرنٹ بیک وقت لیے جاتے ہیں۔ جن انگلیوں کو اسکین کرنا ہے ان کی وضاحت نقشہ 8 میں ہے۔

آپریٹر اندراج کرانے والے سے بائیں ہاتھ کی چار انگلیوں کو تختی پر رکھنے اور دائیں ہاتھ سے تھوڑا زور دینے کے لیے کہےگا تاکہ سطح سے اچھا تعلق ہو ۔



**نقشہ 6: تختی پر انگلی کی پوزیشن**



**نقشہ 7: اسکین ہونے والی انگلیوں کو دکھانے والا نقشہ**

2. **دائیں ہاتھ کے فنگر پرنٹ:**دوسرے، انگوٹھے کو چھوڑکر دائیں ہاتھ کی چاروں انگلیوں کے فنگر پرنٹ بیک وقت لیے جاتے ہیں۔ جن انگلیوں کو اسکین کرنا ہے ان کی وضاحت نیچے دیے ہوئے نقشہ 10 میں ہے۔

پھر آپریٹر اندراج کرانے والے سے دائیں ہاتھ کی چار انگلیوں کو تختی پر رکھنے اور بائیں ہاتھ سے تھوڑا زور دینے کے لیے کہےگا تاکہ سطح سے اچھا تعلق ہو ۔



**نقشہ 8: تختی پر انگلی کی پوزیشن**




**نقشہ 9: اسکین ہونے والی انگلیوں کو دکھانے والا نقشہ**

3. **دونوں انگوٹھوں کے نشان:** دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کے نشان بیک وقت لیے جاتے ہیں۔انگوٹھوں کو نیچے دیے ہوئے نقشہ 12 میں وضاحت شدہ طریقے سے اسکین کیا جاتا ہے

پھر آپریٹر اندراج کرانے والے سے دائیں ہاتھ کی چار انگلیوں کو تختی پر رکھنے اور بائیں ہاتھ سے تھوڑا زور دینے کے لیے کہےگا تاکہ سطح سے اچھا تعلق ہو ۔





نقشہ 11: تختی پر انگوٹھے کی پوزیشن

نقشہ 12: انگوٹھوں کا اسکین کرنا

آپریٹر کو یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ اندراج کرانے والا اچھا اسکین شدہ فنگر پرنٹ عکس حاصل کرنے کے لیے سطح کا زیادہ سے زیادہ حصہ استعمال کرتا ہے۔

**4. خود بخود حصول:** ایپلیکیشن سافٹ ویئر خود بخود فنگر پرنٹ لیتا ہے جب انگلیاں تختی پر رکھی جاتی ہیں۔ اس کے لیےماؤس کو کلک کرنے یا کسی بٹن کو دبانے کی ضرورت نہیں ہے۔

جب اسکینر عکس کی کامیاب پکڑ کا اشارہ دیتا ہے تو ایپلیکیشن سافٹ ویئر فنگر پرنٹ کا عکس لے لیتا ہے۔جب تک اسکینر ہر انگلی کے بارے میں کامیابی کا اشارہ نہ کر دے تب تک سافٹ ویئر عکس نہیں لیتا ہے۔ اگر فنگر پرنٹ خود بخود حاصل نہ ہو تو پھر آپریٹر کو ہاتھ سے فنگر پرنٹ لینا ہوتا ہے۔ جبری حصول بٹن کلک کرکے سافٹ ویئر جبری یا دستی حصول کی اجازت دیتا ہے۔ خود بخود حصولیابی کے دوران کم سے کم ایک ناکام کوشش کے بعد یہ ممکن ہے۔

**5. بصری جانچ:** آخر میں، آپریٹر کو ضعف معیار اور مخصوص مسائل کے لئے ایپلیکیشن سافٹ ویئر میں بصری طور پر فنگر پرنٹ کی تصاویر کی جانچ پڑتال کرنی چاہئے۔

کچھ پریشانیوں کی صورت میں اوپر دی ہوئی اسٹیپ کو دہرائیں

**مشق 6: فنگر پرنٹ**

| |
|---|
| آپ کو کیسے معلوم ہوگا کہ لیے گئے فنگر پرنٹ کی کوالیٹی اچھی ہے؟<br>[کنایہ: کیا آپ نے آدھار اندراج خریدار کو استعمال کیا ہے؟] |

## منظر نامے 4: ایک سینئر شہری کے انگلیوں کے نشان لینا







**مشق 7: کیا آپ فنگر پرنٹ لینے کے تسلسل کو جانتے ہیں؟**

فنگر پرنٹ حصول کو سلسلے وار ترتیب دیجیے۔

a. دونوں انگوٹھوں کا فنگر پرنٹ لینا
b. بائیں ہاتھ کی انگلیوں کا فنگر پرنٹ لینا۔
c. دائیں ہاتھ کی انگلیوں کا فنگر پرنٹ لینا۔

**ہدایات برائے فنگر پرنٹ اسکیننگ**

1. اگر کسی اندراج کرانے والے کے فنگر پرنٹ کا عکس مسلسل کوششوں کے بعد بھی صحیح نہیں ہے تو آپریٹر اندراج کرانے والے سے ہاتھ دھونے کے لیے کہے گا۔ آپریٹر مرکز میں موجود گیلی اسفنج یا تولیہ فراہم کرسکتا ہے۔
2. آپریٹر کوتختی پر انگلیاں رکھنے کا طریقہ دکھانا چاہیے لیکن اس عمل کو دکھاتے ہوئے آپریٹر کو چاہیے کہ اندراج کرانے والے کو نہ چھوئے۔ نیچے دیے ہوئے نشقہ 13 اس طریقہ کار کو دکھاتا ہے




**نقشہ 13: فنگر پرنٹ اسکیننگ کے دوران رہائشی کی مدد کرنا**

تختی پر انگلیاں رکھنے کے صحیح طریقے کی وضاحت نقشہ 14 میں ہے ۔



**نقشہ 14: فنگر پرنٹ اسکینر کی تختی پر انگلیاں رکھنے کا صحیح طریقہ**

3. آپریٹر اس بات کو ضرور یقینی بنائے کہ انگلیاں تختی کے کنارے(فنگر پرنٹ اسکین کرنےوالے آلے کی سطح کا شیشہ) سے نہیں لگتی ہیں۔فنگر پرنٹ کے عکس کو اچھی طرح لینے کے لیے انگلیوں کے درمیان خلا ہونی چاہیے۔ انگلیوں کا کوئی حصی تختی کے کنارے سے نہ لگے جیسا کہ نقشہ 15 میں دکھایا گیا ہے۔



**نقشہ 15:تختی پر انگلیوں کی صحیح پوزیشن**

4. آپریٹر رہائشی سے تختی پر تھوڑا زور دینے کے لیے کہے تاکہ رابطے کے علاقے میں اضافہ ہو اور اس طرح عکس کی مطلوبہ کوالیٹی حاصل ہو۔

زور دینے کے لیے، پہلے تو آپریٹرکو رہائشی کی کوششوں پر اعتماد کرنا ہوگا۔ اگر وہ کامیاب نہیں ہوتا ہے تو آپریٹر رہایشی سے اجازت لے گا اور پھر اس کی مدد کرے گا۔ اگر آپریٹر ایک عورت کا اندراج کر رہا ہے تو پھر اس کو اندراج مرکز میں موجود خاتون رضاکار کی مدد لینی ہوگی

5. اگر اندراج کرانے والا/ رہائشی تختی پر انگلی بچھانے سے معذور ہے تو اندراج کرنے والا/ آپریٹر اجازت لینے کے بعد رہائشی کی مدد کر سکتا ہے۔


اگر یہ کامیاب نہیں ہوتا ہے تو آپریٹر فنگر پرنٹ لینے کی کوشش کرے جس حد تک اندراج کرانے والااپنی انگلیوں کو بچھا اور تختی پر رکھ سکتا ہے۔

پھر اندراج کرانے والے کو دونوں انگوٹھے یا دوسرے ہاتھ کے فنگر پرنٹ کے اگلے سیٹ کی طرف بڑھنے کے لیے تیار کیا جا سکتا ہے۔

6. اندراج کرانے والے کے ہاتھ پر مہندی ہونے کی صورت میں آپریٹر فنگر پرنٹ کا عکس لینے کے لیے عام طریقئہ کار کو بروئے کار لائے گا۔ اندراج کرانے والے کے ہاتھ میں گھسے ہوئے ابھار کی صورت میں آپریٹر فنگر پرنٹ کا درست عکس لینے کے لیے ان سے ہاتھوں کو رگڑنے کے لیے کہے گا۔

7. آپریٹر کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ انگلیاں سیدھی رکھی ہوں اور انگلی کے اوپر والے جوڑ تک کا حصہ اسکینر ہر اچھی طرح رکھا ہو۔ تختی پر روشنی کی براہ راست چمک نہیں ہونی چاہیے۔انگلیوں کی پوزیشن بنانے کے لیے اشارہ کرنے والے آلات کا استعمال کیجیے۔ انگلیاں آلے پر صحیح سمت میں رکھی ہونی چاہئیں۔

8. آپریٹر کو چاہیے کہ کبھی کبھار تختی کو صاف کرنے کے لیے کتانے سے خالی کپڑے کا استعمال کرے۔ آلے کو صاف کرنے کے طریقہ کار کی وضاحت نقشہ 16 میں کی گئی ہے۔



نقشہ 16: فنگر پرنٹ اسکینر کو صاف کرنا

9. آپریٹر کو چاہیے کہ تختی پر رگڑ کے لیے کبھی کبھار آلات کی جانچ کرے۔ اندراج کے وقت کے دوران آپریٹر کو چاہیے کہ حاصل کیے جانے والے فنگر پرنٹ کے ادھورے عکس یا غیر صحیح توجہ کو بھی جانچے

10. کھڑے ہونے کی حالت میں فنگر پرنٹ سب سے اچھے لیے جاتے ہیں

11. رہائشی کے زائد انگلی ہونے کی صورت میں آپریٹر ان کو نظر انداز کر دے گا اور فنگر پرنٹ حاصل کرنے کے وقت کے دوران ہر ہاتھ کی پانچ اہم انگلیوں کو لے لیگا۔

**مشق 8: معلومات کی جانچ...**

| |
|---|
| کسی اندراج کرانے والے کے فنگر پرنٹ لیتے ہوئے یاد رکھے جانے والے کم سے کم 5 پوائنٹ کی فہرست بنائیے۔ |

## منظر نامہ 5: لڑکے کے فنگر پرنٹ لینا







**مشق 9: فنگر پرنٹ کے معاملات**

بومن کے فنگر پرنٹ لیتے وقت آپریٹر نے کن چیلنجوں کا سامنا کیا؟ نیچے دی ہوئی فہرست سے انتخاب کیجیے

- بچہ آپریٹر کی ہدایات کی تعمیل نہیں کر سکتا
- بچے کی انگلیاں صاف نہیں ہیں
- بچے کے ہاتھ حد سے زیادہ گیلے ہیں
- بچہ قوت اور زور کی مطلوبہ حصہ کو پورا نہیں کر سکتا
- بچے کے فنگر پرنٹ اچھی طرح بنے ہوئے نہیں ہیں

## ڈاٹا کا معیار

اگر حاصل کردہ ڈاٹا سسٹم میں منضبط کئے گئے معیار پر پورا اترتا ہے، تو سسٹم اس کو قبول کر لے گا اور محفوظ کر لے گا۔
خیال رہے کہ آپ کو یہاں سے آگے بڑھنے کے لئے قابل قبول معیار کو حاصل کرنا پڑے گا۔ ایکشنیبل فیڈ بیک علامت( ) پر کلک کرنے سے کوالیٹی تفصیلات پوپ اپ ونڈو نمودار ہوتا ہے جس پر سپاٹ مطابقت کی رپورٹس ظاہر ہوتی ہیں۔




انگلیوں کے نشانات کے معیار کی تفصیلات

سافٹ ویئر کے ذریعہ دیے جانے والے کچھ ایکشنیبل فیڈ بیک یوں ہیں:

- موجودہ انگلیوں کی تعداد متوقع انگلیوں کی تعداد کے مطابق نہیں
- انگلیاں صحیح پوزیشن میں رکھی گئیں
- بہت زیادہ دباؤ
- بہت ہی کم دباؤ
- مرکزی جگہ غائب
- بہت زیادہ تری (گیلاپن)
- بہت زیادہ خشکی

## آنکھ کی پتلی





نقشہ 17: آنکھ کی پتلی

آنکھ کی پتلی رنگین اور آدمی کی آنکھ کا سب سے زیادہ دکھائی دینے والا حصہ ہے جو پتلی سے گھرا ہوا ہوتا ہے۔آنکھ کی پتلی آنکھ میں داخل ہونے والی روشنی کی مقدار کو قابو میں رکھتی ہے۔ یہ آنکھ کا انگوٹھے کی شکل کا علاقہ ہے جو پتلی اور دوسری جانب سے آنکھ کے ڈھیلے سے گھرا ہوتا ہے

آنکھ کی پتلی کا ایک جدا ڈھانچہ ہے جو ایک ایسا خاکہ بناتا ہے جس کی تصویر لی جا سکتی ہے۔ یہ خاکے بے ترتیبی کے ساتھ تشکیل پاتے ہیں اور بہت زیادہ پیچیدہ ہوتے ہیں۔ آنکھ کی پتلی شناخت کے خاموش خصوصیات اور ہم آہنگ خاکہ مندرجہ ذیل ہیں۔

- خاکوں میں زخموں کے علاوہ کسی اور وجہ سے وقت کے ساتھ تبدیلی نہیں ہوتی ہے۔
- کسی بھی دو لوگوں کی آنکھ کی پتلی کے خاکے ایک جیسے نہیں ہوتے ہیں؛ یہاں تک کہ ایک شخص کی بائیں اور دائیں آنکھ کے بھی نہیں۔
- چشمے اور کنٹیکٹ لینسز شاذ ونادر ہی عکس کو حاصل کرنے کی کوالٹی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔
- دیگر بایومیٹرک ٹیکنالوجیوں کے مقابلے میں یہ طریقئہ کار لوگوں کی ایک بڑی تعداد پر مشتمل ہوتا ہے۔
- موجودہ خاکوں سے ان خاکوں کا موازنہ سب سے تیز ہے۔



نقشہ 18: آنکھ کے خاکے

آنکھ کی پتلی ہماری آنکھ کا اندرونی حصہ ہے۔اس لیے آنکھ کی پتلی کو نقصان کے بہت چھوٹے موقع کا سامنا ہوتا ہے۔ لہذا اس کا استعمال اکثر آدمیوں کی پوری زندگی کی شناخت کےہمیشہ مہیا ثبوت کے طور پر کیا جا سکتا ہے۔.

آنکھ کی پتلی کے عکس کو حاصل کرنا ایک باقاعدہ تصویر لینے کی طرح ہے، الا یہ کہ یہ ماورائے سرخ روشنی کا استعمال کرکے عمل میں آتا ہے، تقریبا ہماری آنکھوں سے پوشیدہ۔ آنکھ کی پتلی حاصل کرنے والا آلہ آنکھ کی پتلی کا عکس حاصل کرتا ہے اور ایک ایسا عکس وجود میں لاتا ہے جو کمپیوٹر میں رکھا جا سکتا ہے۔

آنکھ کی پتلی کو وسیع دائرے میں سب سے زیادہ درست بایومیٹرک مانا جاتا ہے۔ نیز ہر آنکھ کی پتلی کا خاکہ باہم متعلق نہیں ہے؛ لہذا یہ آزادانہ بایومیٹرک خاکے کے دو سیٹ دیتا ہے۔

آنکھ کی پتلی کا نمونہ حاصل ہوتا ہے اس شخص کی زیادہ پریشانی اور ظاہری رابطے کے بغیر جس کی آنکھ کی پتلی کا عکس حاصل کیا جا رہا ہے۔ نیز حصول کا وقت بہت تھوڑا ہے۔

### آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ

آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ ایک بایومیٹرک آلہ ہے۔ آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کے دو آلے مہیا ہیں۔ وز، ایک آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ اور دو آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ۔ ایک آنکھ حاصل کرنے کا آلہ ایک وقت میں کسی ایک آنکھ کو حاصل کر سکتا ہے جبکہ دو آنکھ حاصل کرنے کا آلہ ایک وقت میں دونوں آنکھوں کو حاصل کر سکتا ہے۔ تشکیل اور نمونے کی بنیاد پر یہ آلات ہاتھ میں اٹھائے جا سکتے ہیں یا تین پایوں والی چیز پر رکھے جا سکتے ہیں۔

اندراج مرکز میں آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ یو ایس بی (یونیورسل سیریل بس) پورٹ کے ذریعے لیپ ٹاپ/ ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر سے جڑا ہوتا ہے۔ اس آلے کو چلانے کے لیےعلیحدہ توانائی کی فراہمی کی ضرورت نہیں ہے۔ آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ یو ایس بی پورٹ کے ذریعے لیپ ٹاپ/ ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر سے توانائی حاصل کرتا ہے۔





**نقشہ 19: دو آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ**



**نقشہ 20: ایک آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ**

فعالیت کی بنیاد پر آنکھ کی پتلی اسکین کرنے کے آلے کی مختلف قسمیں ہیں۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں:

- آنکھ کی دو پتلی کو اسکین کرنے کا آلہ ایک وقت میں دو آنکھوں کے عکس کو اسکین کرتا ہے. اسکینر کو آپریٹر پکڑتا ہے اور وہ آہستہ آہستہ اندراج کرنے والے کی آنکھوں کی طرف اسکینر لے جاتا ہے. آنکھ کی پتلی خود بخود اسکین ہو جاتی ہے جب اسکینر آنکھوں کے کافی قریب ہوتا ہے.
- آنکھ کی دو پتلی اسکین کرنے والے آلے کی ایک دوسری قسم اور ہے جس کو آنکھ کے قریب رکھا جاتا ہے۔ اسکینر یکے بعد دیگرے آنکھ کی پتلی کو اسکین کرتا ہے۔ لیکن اسکینر کو حرکت دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔
- آنکھ کی ایک پتلی اسکین کرنے کا آلہ ڈیجیٹل کیمرے کی طرح لگتا ہے۔ اس قسم کا اسکینر ایک وقت میں ایک آنکھ اسکین کرتا ہے۔اسکینر اندراج آپریٹر کے ذریعے پکڑا جانا چاہیے اور ایک وقت میں اندراج کرانے والے کی ایک آنکھ کا عکس لیتا ہے۔

آنکھ کی پتلی اسکین کرنے والا آلہ آنکھ کی پتلی کے پیچیدہ خاکوں کو اسکین کرتا ہے ( جیسا کہ سابقہ حصے میں زیر بحث آیا) اور ایک ڈیجیٹل عکس وجود میں لاتا ہے۔ آنکھ کی پتلی حاصل کرنے والے آکثر نئے آلے آنکھوں کو کوئی نقصان پہنچائے بغیر آنکھ کی پتلی پر روشنی ڈالنے کے لیے ماورائے سرخ روشنی کا استعمال کرتے ہیں جو انسانی آنکھ کو دکھائی نہیں دیتی ہے

تشکیل اور نمونے کی بنیاد پر یہ آلات ہو سکتے ہیں،


- ہاتھ سے پکڑے جانے والے
- تپائی پر نصب ہونے والے

آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ کم وزن کا آلہ ہے۔ جب آلے کو اچھی طرح رکھ دیا جاتا ہے تو یہ خود بخود آنکھ کی پتلی توجہ مرکوز کرتی ہے۔ نیز یہ خود بخود چمک کے مختلف حالات کے مطابق ہو سکتی ہے۔

اس میں یو ایس بی سے جوڑنے والا تار ہوتا ہے جو آلے کو کمپیوٹر سے جوڑتا ہے۔ آلے کو اسی طرح کی یو ایس بی کنیکٹر کے ذریعے کمپیوٹرسے توانائی کی سپلائی حاصل ہوتی ہے۔







**آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کی اسٹیپ**

آنکھ کی پتلی حاصل کرنے والے آلے کا استعمال کرکے بایومیٹرک آنکھ کی پتلی کو حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اسٹیپ کیجیے:

- **اندراج کرانے والے کی آنکھوں کی موجودگی کو جانچنا:** اگر ایک یا دونوں آنکھوں کے نہ ہونے یا ایک یا دونوں آنکھوں پر پٹی لگی ہونے/ دیگر بناوٹ کی خرابی یا بیماری کی وجہ سےآنکھ کی پتلی کے عکس کا حصول ممکن نہیں ہے تو یہ معاملہ آدھار اندراج کلائنٹ ایپلیکیشن سافٹ ویئر میں محفوظ ہونا ہے۔
- **اندراج کرانے والے کی پوزیشن کو جانچنا:** اندراج کرانے والے سے ایک متعین جگہ بیٹھنے کے لیے کہیے۔ جسم کی وضع قلمی تصویر لینے کی طرح ہو۔
- **آنکھ کی پتلی حاصل کرنے والے آلے کا رخ:** آنکھ کی پتلی حاصل کرنے والے آلے کا رخ اندراج کرانے والے کی آنکھ کی طرف کیجیے۔ آلے کو مضبوط پکڑنا چاہیے۔اس صورت میں کہ آلے کا رہائشی کو پکڑنا ضروری ہے، تو اندراج آپریٹر آلے کو مضبوط پکڑنے میں اندراج کرانے والے کی مدد کر سکتا ہے۔
- **کمرے کی روشنی کی جانچ:** آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا عمل کمرے میں موجود روشنی کے تعلق سے حساس ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ اندراج کرانے والے کے چہرے پر براہ راست کوئی سیدھی یا مصنوعی روشنی نہیں پڑتی ہے۔ چہرے کا عکس حاصل کرنے کے لیے استعمال ہونے والا روشنی کا ذریعہ آنکھ کی پتلی کے حصول کے وقت بند ہونا چاہیے۔
- **عکس کی کوالیٹی کی جانچ:** آنکھ کی پتلی کا عکس لینے کے بعد، آدھار اندراج کلائنٹ ایپلیکیشن سافٹ ویئر آنکھ کی پتلی کی کوالیٹی کا اندازہ لگا سکتا ہے۔ حصول کے عمل کے دوران آپریٹر کو فیڈ بیک دینے کے لیے عکس کی کوالیٹی کا ابتدائی اندازہ کیا جائے گا۔ یہ آلہ آپریٹر کو ہوشیار کرتی ہے اگر حاصل شدہ آنکھ کی پتلی کا عکس گھٹیا کوالیٹی کا ہے۔ اگر حاصل شدہ آنکھ کی پتلی کا عکس گھٹیا کوالیٹی کا ہے تو پھر اچھی کوالیٹی کا عکس حاصل کرنے کے لیے دوبارہ کوشش کیجیے۔

## منظر نامہ 6: آنکھ کی پتلی کے عکس کا حصول



## آنکھ کی پتلی اسکین کرنے کے لیے ہدایات

1. اگر اندراج کرانے والا بھینگا ہے اور ایک وقت میں دونوں آنکھوں کا حصول ممکن نہیں ہے تو آپریٹر دوبارہ حصول کی کوشش کر سکتا ہے۔
2. اگر اندراج کرانے والا آنکھ کی پتلی کے اسکین کے لیے آنکھوں کو اچھی طرح نہیں کھول سکتا تو آنکھ کو اچھی طرح کھولنے کے لیے نقل/ پلے ایکٹ کا استعمال کرکے نرمی سے ان کی رہنمائی کیجیے۔ اگر اس سے کام نہ ہوتو دوبارہ حصول کا استعمال کرکے اچھی کوالیٹی کا عکس حاصل کرنے کے لیے جتنی کوشش کر سکتے ہیں کریے۔
3. آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کا آلہ خود کار توجہ اور خود کار حصول کے عمل کو استعمال کرتا ہے۔ اس لیے اس کو آپریٹر کی جانب سے کسی توجہ کے ارتکاز یا حصولیابی کی درستگی کی ضرورت نہیں ہے

**نوٹ**

کچھ صورتوں میں نابینا شخص کی آنکھ کی پتلی کے خاکوں کا حاصل کرنا ممکن ہے۔ آنکھ کی پتلی حاصل کرنے کے آلے کے ذریعے استعمال کی جانے والی آنکھ کی پتلی کی شناخت کرنے کی ٹیکنا لوجی آنکھ کی پتلی کے خاکے کی بنیاد پر تفصیلات حاصل کرتی ہے۔کسی نابینا آنکھ میں جتنی دیر تک آنکھ کی پتلی کا خاکہ دکھائی دے رہا ہے تب تک اس کی تفصیلات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

مشق 10: اپنی سمجھ بوجھ کی جانچ کیجیے۔

سابقہ مواد کو پڑھنے کے بعد،


- آنکھ کی پتلی کے حصول کے لیے استعمال کئے جا نے والے آلات کی مختلف قسمیں کیا ہیں؟
- ان وجوہات کے بارے میں سوچیے جو آنکھ کی پتلی کے صحیح حصول میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔
- وہ سب سے بہترین تمرینیں کیا ہیں جن پر آپ آنکھ کی پتلی کے بہتر عکس کو یقینی بنانے کے لیے عمل کریں گے؟
- مندرجہ ذیل کو آپ کس طرح سنبھالیں گے:
  - رہائشی کی آنکھ میں ظاہری خرابی
  - آنکھ کی پتلی اسکین کرنے کے آلے کو سنبھالنے کے تعلق سے رہائشی کی ناقابلیت
- آپ کو کس طرح معلوم ہوگا کہ آیا حاصل شدہ عکس اچھی کوالیٹی کا ہے

## ڈاٹا کا معیار

اگر قید کردہ معلومات کی کوالیٹی سسٹم میں منضبط معیار پر پوری اترتی ہے، تو یہ اس کو قبول کر لے گا اور محفوظ کر لے گا۔

اگر شعاع کی صحیح سے قید ہوئی ہے، تو اسکور بار سبز ہو جائے گا۔ سرخ رنگ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ شعاع صحیح سے قید نہیں ہوئی۔

**ایکشنیبل فیڈ بیک** علامت کلک کرنے سے **کوالیٹی تفصیلات** پوپ اپ ونڈو نمودار ہوتا ہے جس پر اسکور، کوالیٹی اٹرییوٹ، مطابقت اور ہر وصف کے تعلق سے تبصرہ ظاہر ہوتا ہے۔




**آنکھوں کی شعاع کے معیار کی تفصیلات**


سافٹ ویر کے ذریعہ فراہم کردہ کچھ ایکشنیبل فیڈ بیک یوں ہیں:

- رکاوٹ (آنکھوں کی شعاع کا اہم حصہ نظر نہیں آتا)
- شعاع فوکس میں نہیں ہے
- نظر صحیح نہیں (شہری دوردیکھ رہا ہے
- پتلی کا پھیلاؤ

## انفرادی علامت کی تشخیص

کسی بھی بایو میٹرک انفرادیت کی تخصیص کے لئے ڈیموگرافک اسکرین پر دیے گئے بایو میٹرک ایکسیپشن بٹن دبائیں۔

بایو میٹرک ایکسپشن بٹن پر کلک کریں





درج ذیل پوپ اب ونڈو کھلے گا۔

**تصوریر 10: بایو میٹرک ایکسپشن کی معلومات کی جھلک**

بایومیٹرک رعایت اس بات کی نشاندہی کرنے کے لئے تصویر کے مخصوص حصہ پر کلک کریں

اوکے پر کلک کریں




**تصویر 11: بایو میٹرک ایکسپشن کیپچر – انفرادیت کی تشخیص کے بعد**

- امیج کے خاص حصہ پر کلک کر کے باشندے کی بایو میٹرک انفرادیت کی تشخیص کریں اور اس کے بعد اوکے دبائیں۔

ڈیموگرافک ڈاٹا کیپچر مکمل کرنے کے بعد **حوالہ جات** اسکرین پر جانے کے لئے **نیکسٹ** بٹن دبائیں۔ آپ بالائی پینل سے بھی **حوالہ** جات ٹیب کلک کر سکتے ہیں۔

## استثنائات کو سنبھالنا

استثنائات انتہائی احتیاط کے ساتھ سنبھالنے ہوتے ہیں . پورے عمل کے دوران انہیں آرام دہ بنانے کے لئے خصوصی دیکھ بھال کرنی ضروری ہے. ذیل میں استثنائات کو سنبھالنے کے طریقے دیے گئے ہیں.

استثنائات کے بارے میں حقائق
دیہی ہندوستان میں ایسے بہت لوگ ہیں جنکے فنگر پرنٹ جسمانی محنت کی وجہ سے ختم ہو گئے ہیں

کلید اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ **آپریٹر حصول کی کوالیٹی کی نگرانی احتیاط کے ساتھ کرتا ہے**

استثنائات درج ذیل وجوہات سے پائے جاتے ہیں:

- چوٹ
- انگلیاں کا کٹا ہونا
- ہاتھوں کا کٹا ہونا
- آنکھوں کے ساتھ پریشانیاں

## اندراج کلائنٹ میں بایومیٹرک استثنائات کا حصول

1
- سب سے پہلے، موزونیت کے لئے رہائشی کی انگلیوں اور آنکھوں کی جانچ کریں

2
- بایومیٹرک استثناء حصول کے بٹن پر کلک کر کے بائیو میٹرک استثنائات کو واضح کریں

2
- امیج کے مخصوص حصے پر کلک کیجیے

3
- ایک بار امیج کے کسی بھی حصہ پر کلک کریں، اس حصے کے ڈیٹا کی عدم دستیابی کی نشاندہی کرنے کے لئے

4
- بطور تصاویر استثنائات کو حاصل کریں ، فوٹوگراف اسکرین پر

5
- بایومیٹرک استثنئات کے لیے نگراں کی تصدیق حاصل کریں

- تمام استثنئات ایک بار میں حاصل کیے جاتے ہیں، بایومیٹرک استثنائات حصول کے بٹن پر کلک کر کے
- اگر رہائشی کے اضافی انگلی ہے تو آپریٹر کو اضافی انگلی نظر انداز کرنے کی ضرورت
- اضافی انگلی بایومیٹرک استثناء کے طور پر حاصل نہیں کی جائےگی
- ایسی صورت میں، آپریٹر اضافی انگلی کے حصول سے بچنے کے لئے فنگر پرنٹ حاصل کرنے میں رہائشی کی مدد کرنی چاہیے.

**استثناء کی تصویر حاصل کرتے ہوئے:**

- ہتھیلی کیمرے کے سامنے ہونی چاہئے
- چہرہ اور دونوں ہاتھ فریم میں ہونے چاہئے

**صورت**

منمیت سنگھ جو ایک 65 سالہ سکھ رہائشی ہے اندراج اسٹیشن میں آیا ہے. وہ پگڑی پہنے ہوئے ہے. آپ کواس کی پگڑی کی وجہ سے اس کے چہرے کی تصویر حاصل کرنے میں مشکل کا سامنا ہے. وہ بہت غصے میں لگ رہا ہے کیونکہ وہ ایک طویل وقت سے قطار میں انتظار کر رہا ہے.

آپ اس سے کس طرح پیش آئیں گے؟

## چہرے کی تصویر کے حصول میں کس قسم کی پریشانیاں واقع  ہو سکتی ہیں؟

- ہلکی روشنی
- پگڑی یا سر کے اسکارف کی وجہ سے تصویر لینے سے معذوری
- رہائشی چہرے یا جسم کو بے حرکت یا عمودی نہیں رکھ سکتا

## ہلکی روشنی کے حالات

- فلیش کا استعمال نہ کریں.
- اردگرد روشنی کو بہتر بنانے کے لیے مقامی حکام سے رابطہ کریں.
- کم وولٹیج کی وجہ سےناکافی روشنی کی صورت میں ، روشنی کو بہتر بنانے کے لئے جنریٹر بیک اپ کا استعمال کریں.
- کمرے میں بہتر روشنی والی جگہ کی طرف منتقل کرنے پر غور کریں.
- مبہم دیوار یا پارٹیشن کے سامنے پس منظر رکھا جانا چاہئے.

## پگڑی / اسکارف کے سبب سے تصویر لینے سے معذوری

- اگر مذہبی وجوہات کی بنا پر لوازمات پہنے ہوئے ہیں تو دستی حصول آپشن کا انتخاب کریں.
- 
- آپریٹر شائستگی کے ساتھ رہائشی سے سر کی پوشاک ہٹانے کی درخواست کر سکتا ہے.
- 
- اندراج کرانے والی خواتین کی صورت میں، خاتون آپریٹر یا رضاکار کا اس عمل کو سنبھالنا ضروری ہے

## سر / دھڑ بے حرکت اور عمودی رکھنے سے معذوری

- اگر ضرورت ہو تو اندراج کرانے والے کی معاونت کریں
- اندراج کرانے والی خاتون کی صورت میں، معاونت خاتون آپریٹروں یا رضاکاروں کی طرف سے فراہم کی جانی چاہئے.

| صورت |
| --- |
| گیتا دیوی یو پی کے ایک گاؤں کی 42 سالہ رہائشی ہےوہ یومیہ اجرت پانے والی مزدور ہے. وہ اندراج اسٹیشن میں آ گئی ہے. اس کے بایومیٹرک ڈیٹا جمع کرتے وقت آپریٹر دیکھتا ہے کہ اس کی انگلیوں کے نشانات کا معیار کافی اچھا نہیں ہے۔ اس نے اس کی انگلیوں کے نشانات کو حاصل کرنے کی بار بار کوشش کی لیکن ایک ہی نتیجے سے دوچار ہوتا ہے! اس کے بعد وہ گیتا دیوی کی انگلیوں کو پلیٹن پر چپٹا رکھنے کی کوشش کرتا ہے. وہ بہت غصے میں ہو جاتی ہے اور آپریٹر پر چلانا شروع کر دیتی ہے.<br><br>1. آپ کے خیال میں کیا غلط ہوا؟<br>2. کیا یہ صورت بہتر طریقے سے سنبھالی جا سکتی تھی؟ |

**انگلیوں کے نشانات حاصل کرنے میں کس قسم کی پریشانیاں ہو سکتی ہے؟**

- غیر موجود/کٹی ہوئی انگلیاں
- حاصل شدہ فنگر پرنٹ صحیح معیار کی نہیں ہے
- انگلیاں چپٹا کرنے سے معذوری
- لکیروں کو گھسنا
- مہندی یا کسی دوسرے مادہ سے کالے ہاتھ

**غیر موجود/کٹی ہوئی انگلیاں**

- اندراج کلائنٹ میں بایومیٹرک استثناء حاصل کریں
- اگر رہائشی کے زائد انگلی ہے
  - آپریٹرکو زائد انگلی کو نظر انداز کرنے کی ضرورت ہے
  - اضافی انگلی ایک بایومیٹرک استثناء کے طور پر حاصل نہیں کی جاتی ہے
  - زائد انگلی کے حصول سے بچنے کے لئے آپریٹر کو فنگر پرنٹ کے حصول میں رہائشی کی معاونت کرنے کی ضرورت ہے.

**حاصل شدہ فنگر پرنٹ مطلوبہ کوالیٹی کا نہیں ہے**

- اگر معیاری تصاویر بار بار کوششوں کے باوجود حاصل نہیں ہو رہی ہیں تواندراج کرانے والے سے شائستگی کے ساتھ اپنے ہاتھوں کو دھونے کے لئے کہیں.
- مرکز میں گیلا اسفنج یا تولیہ فراہم کریں.
- اندراج کرانے والے سے پلیٹین پر دباؤ ڈالنے کے لیے کہیں
- دباؤ دینے کے حوالے سے پہلے اندراج کرانے والے کی کوششوں پر انحصار کریں.
- اگر کامیابی نہ ہو تو اجازت لیں اور تصویر حاصل کرنے کے لیے دباؤ دینےمیں ان کی مدد کریں.
- خواتین آپریٹروں / رضاکاروں کے ذریعے خواتین رہائشیوں کی معاونت کو یقینی بنائیں.
- رہائشی کے بایومیٹرک حاصل کرنے کے لیے معقول کوششیں کریں.
- کی جا سکنے والی کوششوں کی تعداد سافٹ ویئر میں بنائی جاتی ہے۔

**انگلیوں کو چپٹا کرنے سے معذوری**

- اندراج کرانے والے سے اجازت لیں. اس کے بعد انگلیوں کے نشانات حاصل  کرنے کے لئے ان کی معاونت کریں.
- اگر یہ کامیاب نہ ہو تو آپریٹر فنگر پرنٹ حاصل کرنے کے لیے اس حد تک کوشش کر سکتا ہے جتنا کہ اندراج کرانے والااپنی انگلیوں کوپلیٹین پرہموار کرنے یا رکھنے پر قادر  ہے۔
- اندراج کرانے والا پھر دوسرے ہاتھ کے فنگر پرنٹ کے دوسرے سیٹ یا دونوں انگوٹھوں پر منتقل ہو سکتا ہے.

**لکیریں ختم ہو گئی ہیں یا مہندی یا دیگر کسی مادے سے ہاتھ کالے ہیں**

- دستی حصول کی کوشش کریں
- ان انگلیوں کے فنگر پرنٹ کے عمل کو آگے بڑھائیے جو کالی نہیں ہیں یا ان کی لکیریں ختم نہیں ہوئی ہیں۔
- اگر اندراج کرانے والی کے ہاتھوں پر مہندی لگی ہے تو آپ فنگر پرنٹ کے حصول سے قبل اس سے اپنے ہاتھوں کو دھونے کے لیے کہیں۔

**خواتین رہائشیوں کے تئیں حساس ہوں**

- اگر عورت فنگر پرنٹ کے حصول کے لیے کافی دباؤ فراہم کرنے کے قابل نہیں ہے تو نشانات آپ کر سکتے ہیں:
  - خاتون رضاکار کی مدد لیں
  - عورت کے ہاتھ پر فوم کا ٹکڑا(اندراج مرکز میں دستیاب)  رکھیں اور پھر دباؤ ڈالیں

**بھینگی / بے ضابطہ آنکھ**

- اگرایک وقت میں دونوں آنکھوں کا حصول ممکن نہیں ہے تو ایک آنکھ کی پتلی اسکین کرنے کا آلہ استعمال کیا جا سکتا

- ایک آنکھ کی پتلی اسکین کرنے کے آلے کے مہیا نہ ہونے کی صورت میں، آپریٹر ایک آنکھ کی پتلی کوصحیح طور پر حاصل کرنے کے لیے ڈبل آنکھ کے آلہ کا استعمال کر سکتا ہے

**اچھی طرح آنکھیں کھولنے سے معذوری**

- آنکھوں کو مکمل کھولنے کے لئے اندراج کرانے والے کی رہنمائی کریں.
- 
- اپنے ہاتھوں کی مدد سے آنکھیں کھولنے کے لئے اندراج کرانے والے کی معاونت کریں.
- 
- اندراج کرانے والی خاتون کی صورت میں  خاتون رضاکار کی مدد لیں.

**عام استثنائات**

- اندراج کرانے والا بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے اپنے کو تصویر کی درست وضع میں ممکن ہے کہ نہ رکھ سکے۔

- اس طرح کے حالات میں آپریٹر کو چاہئے کہ اندراج کرانے والے کے قریب سامان کو حرکت دے کر بایومیٹرک ڈیٹا حاصل کرنے کا انتظام کرے۔

**استثنائات کو سنبھالنے کے بارے میں ہے**

**رہائشی کا اعتماد حاصل کرنا**

- رہائشیوں کے تئیں مہذب رہیں
- جسمانی معذوری کے حوالے سے حساس رہیں
- مدد فراہم کریں جہاں ضرورت ہو
- رہائشی کو اس بات کا یقین دلائیں کہ استثنائات کی وجہ سے ڈیٹا حاصل کرنے میں کوئی پریشانی نہیں ہوگی
- کسی بھی متعلقہ معلومات کی وضاحت کیجیے جس کو رہائشی جاننا چاہتا ہو

## غیر بایومیٹرک آلات

غیر بایومیٹرک آلات ہیں کمپیوٹر،اسکینر، فوٹو کا پی کرنے کا آلہ، باکوڈ ریڈر اور اسٹوریج ڈیوائس جیسے سی ڈی، ڈی وی ڈی، ہارڈ ڈسک اور پین ڈرائیو۔ آدھار اندراج کلائنٹ سافٹ ویئر ڈیموگرافک اور بایومیٹرک ڈاٹاجمع کرنے کے لیے کمپیوٹر میں چپ ہوتا ہے۔ بایومیٹرک آلات جیسے فنگر پریٹ اسکینر، آنکھ کی پتلی حاصل کرنے والا آلہ آور ڈیجیٹل کیمرہ یو ایس بی پورٹ کے ذریعے کمپیوٹر سے مربوط ہوتے ہیں۔ بایومیٹرک آلات کا استعمال کرکے حاصل شدہ ڈاٹا کمپیوٹر میں جمع ہوتا ہے۔ پھر یہ ڈاٹا اندراج مرکز سے شناخت ڈیٹا کے مرکزی گودام میں بھیجا جا سکتا ہے۔

## کمپیوٹر

دو قسم کے کمپیوٹرز ہوتے ہیں جنہیں ایک اندراج سنٹر میں استعمال کیا جا سکتا ہے. وہ ہیں،

- ڈیسک ٹاپ
- لیپ ٹاپ

اسے رہائشی کے آبادیاتی ڈیٹا داخل کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جسے مزید رہائشی کے بائیو میٹرک معلومات کو منسلک کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ CIDR تک کامیابی کے ساتھ منتقل ہونے تک اسے عارضی طور پر ڈیٹا سٹور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے .

**ڈیسک ٹاپ**

ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر ایک مستقل سیٹ اپ کے لئے موزوں ہوتا ہے جہاں مشین ارد گرد زیادہ منتقل کرنے کی ضرورت نہیں ہے.

یہ علیحدہ یونٹس پر مشتمل ہوتا ہے، بشمول

- کیبینٹ بجلی کی فراہمی یونٹ، مدربورڈ اور ذخیرہ کے آلات پر مشتمل ہوتا ہے

- ویڈیو ڈسپلے یونٹ یا مانیٹر
- کی بورڈ
- ماؤس





**تصویر 22: ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر**

**لیپ ٹاپ**

لیپ ٹاپ ایک ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر کی طرح چلتا ہے لیکن یہ کمپیکٹ، ہلکے وزن کا اور چلتے پھرتے استعمال کے لیے ہوتا ہے۔ لیپ ٹاپ ایک ریچارج ایبل بیٹری سے پاور حاصل کرتا ہے جسے لیپ ٹاپ کے اندر ڈال دیا جاتا ہے. اسی وجہ سے لیپ ٹاپ کو ایک بیرونی پاور سورس کی غیر موجودگی میں بھی استعمال کیا جا سکتا.




**تصویر 23: لیپ ٹاپ کمپیوٹر**




تصویر **24**: عام کنیکٹر




تصویر **25**: لیپ ٹاپ چارجر

**سافٹ ویئر**

ایک کمپیوٹر ہارڈویئر اور سافٹ ویئر پر مشتمل ہوتا ہے. عام طور پر مندرجہ ذیل سافٹ ویئر ایک کمپیوٹر پر نصب کئے جاتے ہیں.

**آپریٹنگ سسٹم (OS)** - یہ ہارڈویئر کو سنبھالتا ہے اور استعمال کنندہ سے مشین کی پیچیدگی کو چھپاتا. استعمال کنندہ براہ راست کمپیوٹر کے ساتھ یا ایپلیکیشن سافٹ ویئر (جیسے آدھار اندراج کلائنٹ) کا استعمال کرتے ہوئے رد عمل ظاہر کرتا ہے جو کہ اس کے بدلے میں OS کے ذریعہ فراہم کردہ خدمات استعمال کرتے ہیں.

**مثال** - ونڈوز ایکس پی، ونڈوز وسٹا، ونڈوز 7، یونیکس کے، میک OS

**اینٹی وائرس** - وائرس ایک کمپیوٹر کی معمول کی کارروائیوں اور افعال میں خلل پیدا کردیتے ہیں. وہ ایک کمپیوٹر کے آپریشن کو سست کردیتے ہیں، ڈیٹا خراب کردیتے ہیں، کمپیوٹر پر ذخیرہ کردہ معلومات کو تباہ کردیتے ہیں، اور پورے سسٹم کو 'کریش' (ناقابل استعمال) بنا دیتے ہیں. سسٹم کو وائرس انفیکشن سے روکنے کے لئے، اینٹی وائرس سافٹ ویئر استعمال کیا جاتا ہے.

**مثال** - میک ایفی، سیمانٹیک، کویک ہیل

**اینٹی سپیم** - سپیم کمپیوٹر کے انٹرنیٹ سے منسلک ہونے کی حالت میں موصول ہونے والے ان چاہے پیغامات ہوتے ہیں. سپیم ایک اندراج سنٹر میں اندراج کی کارروائیوں کو سست کر سکتے ہیں.

**مثال** - میک ایفی اینٹی سپیم، کموڈو

**ایپلیکیشن سافٹ ویئر** - کمپیوٹر ہماری زبان نہیں سمجھتا۔ اس کی اپنی زبان ہوتی ہے. ایپلیکیشن سافٹ ویئر کمپیوٹر اور استعمال کنندہ کے درمیان پل کے طور پر کام کرتا ہے. یہ مخصوص کام انجام دینے کے لئے بنایا گیا ہے.

**مثال** - ایم ایس ورڈ، ایم ایس پاورپائنٹ، آدھار اندراج کلائنٹ سافٹ ویئر

## پرنٹر

ایک پرنٹر ایک کمپیوٹر سے منسلک ایک ذیلی آلہ ہے اور اسے ایک کاغذ کاپی یا ہارڈ کاپی (مستقل پڑھنے کے قابل متن اور گرافکس) تیار کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے. عام طور پر، پرنٹر ایک یو اسی بی کیبل کے ذریعہ ایک کمپیوٹر سے منسلک کردیا جاتاہے. پرنٹر کو ایک بیرونی بجلی کے آوٹ لیٹ سے پاور دیا جاتا ہے.

مندرجہ ذیل شکل 26 ایک پرنٹر کے مختلف اجزاء کو ظاہر کرتی ہے.




**تصویر 26: پرنٹر**

پرنٹر پورے اندراج کے عمل کی کامیاب تکمیل کے بعد اندراج پرچی (آفس کاپی) کے لئے ایک رسید وصولیابی پرچی (بھرتی ہونے کی کاپی) اور رضامندی پرنٹ کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے.

# انرولمنٹ آپریٹر کے لئے قواعد و ضوابط

## یکبارگی سرگرمی

- ✓ آدھار کے لئے ضرور اندراج ہونا چاہیے اور آدھار/ انرولمنٹ نمبر حاصل کیا جانا چاہیے
- ✓ امتحان دینے اور سرٹیفائیڈ ہونے کے لئے یو آئی ڈی اے آئی سرٹیفکیشن ایجنسی کے ساتھ رجسٹر کریں
- ✓ ایک منفرد آپریٹر آئی ڈی کے ساتھ انرولمنٹ ایجنسی کے ذریعہ ایکٹیویٹ ہوں
- ✓ آدھار کلائنٹ سافٹ ویئر میں بایو میٹرکس مہیا کر کے تیار (اندراج شدہ) ہوں

## دن کی شروعات

- ✓ اپنی آپریٹر آئی ڈی اور فنگر پرنٹ کے ذریعہ لاگ ان کریں
- ✓ لاگ ان کرنے کے بعد اس بات کو یقینی بنائیں کہ کمپیوٹر میں تاریخ اور وقت درست ہے
- ✓ لاگ ان کرنے کے بعد بایو میٹرک آلات اور پرنٹر وغیرہ کے مناسب اتصال کو یقینی بنانے کے لئے ذیلی ایریا یعنی بائیں ہاتھ بٹن کی علامتوں کو دیکھ لیں
- ✓ ہر لاگ ان کے وقت **لاسٹ سنس** اور **ایکسپورٹ کے لئے باقی وقت** کو بتانے والے پوپ اپ پیغام کو دیکھ لیں۔ پیغام کے مطابق ای اے سوپر وائزر کو اطلاع دیں۔
- ✓ 24 گھنٹوں میں کم از کم ایک بار جی پی ایس کورڈینیٹس کو قید کریں۔
- ✓ اپنی نشست سے جاتے وقت اپلیکیشن بند کر دیں۔

## انرولمنٹ کے وقت

- ✓ انرولمنٹ کے وقت دستاویز کو ٹرے میں رکھیں اور انہیں نہ موڑیں۔
- ✓ اس بات کو دیکھ لیں کہ باشندے کا انرولمنٹ فارم توثیق شدہ ہے (اس میں توثیق کنندہ کا دستخط/ انگوٹھے کا نشان اور مہر/ انیشیل ہے)
- ✓ انرولمنٹ فارم میں باشندے کا دستخط/ انگوٹھے کا نشان ہے
- ✓ تعارف کنندہ/ ایچ او ایف پر مبنی انرولمنٹ کی صورت میں فارم میں تعارف کنندہ/ ایچ او ایف کا دستخط/ انگوٹھے کا نشان ان کی تفصیلات سے ساتھ دیکھ لیں
- ✓ باشندے کو آسانی فراہم کریں
- ✓ اس بات کو یقینی بنا لیں کہ انرولمنٹ کے دوران ہر وقت باشندے کا اسکریں آن ہے اور باشندے سے داخل کئے جانے ولای معلومات کو دوبارہ دیکھ لینے کی درخواست کریں
- ✓ ڈاٹا کیپچر کی ترتیب کا اتباع کریں جیسے اسکرین نے سافٹ ویر کلائنٹ پر مہیا کیا ہے

- ✓ کسی بھی تصحیح جو اندراج فارم میں مطلوب ہیں کے بارے میں رجسٹرار کو فورا مطلع کیجیے یا رہائشی اندراج فارم میں درج شدہ تاریخ میں کوئی تبدیلی کرانے پر زور دیتا ہے۔

## ڈیموگرافک ڈاٹا کیپچر کرتے ہوئے

- ✓ تمام ڈیموگرافک ڈاٹا تصدیق شدہ انرولمنٹ فارم سے داخل کریں
- ✓ ہجا، خالی جگہ، رموز اوقاف، بڑے حروف اور چھوٹے حروف وغیرہ کو دوبارہ دیکھ لیں
- ✓ **حرفی تحویل کی غلطیوں جیسے ہجے کی غلطی وغیرہ کو دیکھیں اور ان کی تصحیح کریں، اگر کوئی ہو**
- ✓ پری انرولمنٹ ڈاٹا کی صورت میں انرولمنٹ فارم کی تفصیلات سے منطبق کر کے اس بات کو یقینی بنالیں کہ پری انرولمنٹ آئی ڈی کا استعمال کر کے جن معلومات کو داخل کیا گیا ہے وہ اسی باشندے سے متعلق ہیں جس کا اندراج ہو رہا ہے
- ✓ تصدیق شدہ انرولمنٹ فارم کی تفصیلات کے مطابق پری انرولمنٹ ڈاٹا کو دیکھ لیں اور تصحیح کر لیں
- ✓ انگلیوں یا آنکھوں میں عارضی پریشانی کی صورت میں اس کو ایک استثناء کے طور پر محفوظ کر لیں۔ باشندے کو بعد میں اپنی بایو میٹرکس اپ ڈیٹ کرنے کو کہیں
- ✓ ہمدردی اور نرمی کا جذبہ رکھیں بایو میٹرک انفرادیت کو دیکھتے وقت سخت ہو جائیں

## حوالہ جات اور بینک کی معلومات حاصل کرتے وقت

- ✓ دستاویز پر مبنی تصدیق کی صورت میں ہمیشہ متعلقہ دستاویز کا نام منتخب کریں
- ✓ ہمیشہ باشندے کے ذریعہ جمع کئے گئے دستاویز کی پوری تعداد کا داخل کریں

## بایو میٹرک معلومات لیتے وقت

- ✓ بایو میٹرک معلومات لیتے وقت باشندے کی مدد اور حوصلہ افزائی کریں

## تصویر کشی کرتے وقت

- ✓ ایک **سفید** بیک گراؤنڈ کی دستیابی کو یقینی بنا لیں
- ✓ اس بات کو یقینی بنا لیں کہ کیمرہ **خود کار طریقہ پر شعاع دینے** اور **فوٹو قید کرنے** کی صلاحیت کو استعمال کر رہا ہے
- ✓ اندراج کنندہ کے چہرے کو **فطری تاثر** (بغیر مسکان) کے ساتھ دانتوں کو بند کر کے، اور دونوں آنکھیں کھول کر کیمرے میں دیکھتے ہوئے قید کریں
- ✓ اگر فوٹو نہ آ پائے، تو **کوالیٹی تفصیلات** علامت کا استعمال کر کے **ایکشنیبل فیڈ بیک** کو دیکھیں
- ✓ چہرے کی تصویر قید ہوجانے کے بعد ٹیبل لائیٹ کو بند کر دیں۔

- ✓ رہائشی کے سامنے والی ریویو اسکرین بند ہو سکتی ہے اگر رہائشی بچہ ہے اور اسکرین میں اپنا چہرہ دیکھ کر توجہ ہٹا رہا ہے

## انگلیوں کے نشان لیتے وقت

- ✓ یاد رہے کہ پانچ سال اور اس سے زیادہ کے ہر باشندے کے لئے انگلیوں کے نشان **لازمی** ہیں۔
- ✓ ہر حصولیابی کے بعد فنگر پرنٹ اسکینر کی پلیٹین کو صاف کریں
- ✓ ایک بے رواں کپڑا انگلیوں کا نشان لینے والے آلات کے **پلیٹن کو صاف کرنے کے لئے** استعمال کریں
- ✓ اگر تصویر کشی نہ ہونے پائے، تو **کوالیٹی تفصیلات** کی علامت پر کلک کر کے **ایکشنیبل فیڈ بیک** دیکھیں۔
- ✓ باشندے کو کھڑے ہونے کو کہیں، کیونکہ کھڑے ہونے کی صورت میں انگلیوں کے نشان اچھے آتے ہیں۔
- ✓ زائد انگلیوں کی صورت میں اضافی انگلیوں کو نظر انداز کر دیں اور بنیادی پانچ انگلیوں کے نشان لیں
- ✓ اگر ہاتھ پر مہندی لگی ہو یا کوئی اور چیز لگانے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہو، تو نارمل انداز میں نشان لیں
- ✓ خستہ دھاریوں کی صورت میں، نارمل انداز میں نشان لیں۔ باشندے کو اپنے ہاتھ رگڑنے کو کہا جائے
- ✓ لا بدی حالت میں رہائشی کے ہاتھوں کو صاف کرنے کے لیے ایک گیلا اور ایک سوکھا کپڑا رکھیں

## آنکھوں کی شعاع قید کرتے ہوئے

- ✓ یاد رہے کہ پانچ سال اور اس سے اوپر کے تمام باشندوں کے لئے آنکھوں کی شعاع قید کرنا ضروری ہے
- ✓ آنکھوں کی شعاع قید کرنے والا آلہ بالعموم خود اٹھائیں، باشندوں سے نہ اٹھوائیں
- ✓ بچوں اور دوسرے خوفزدہ شہریوں سے کہیں آنکھوں کی شعاع قید کرنے کا عمل اتنا ہی آسان اور محفوظ ہے جتنا کہ ایک نارمل تصویر لینا
- ✓ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی **راست یا مصنوعی روشنی** اندراج کنندہ کی آنکھوں پر منعکس نہ ہو
- ✓ آلہ کو **مضبوطی** سے تھامیں۔ اگر آلہ کو شہری کے ذریعہ اٹھانےکی ضرورت پیش آئے تو آلہ کو مضبوطی کے ساتھ تھامنے میں شہری کی مدد کریں
- ✓ اگر شہری کو شعاع قید کرتے وقت کچھ پریشانی ہو رہی ہو اور دوبارہ قید کرنے کی ضرورت ہو، تو اگلے دوسری تفصیلات درج کرنے کے لئے اگلی اسکرین پر جائیں اور پھر شعاع قید کرنے کے لئے واپس آئیں۔
- ✓ قید کرتے وقت صبر کا مظاہرہ کریں اوراسکرین پر آگے پیچھے اور اوپر نیچے کرنے کے بجائے آلہ کے جواب دینے کا انتظار کریں۔
- ✓ اگر قید نہ ہو سکے تو کوالیٹی تفصیلات علامت کا استعمال کر کے ایکشنیبل فیڈ بیک دیکھیں

## ریویو، تصدیق اور پرنٹ کرتے وقت

- ✓ ڈاٹا قید کرنے کے عمل کی تصدیق کے لئے اسکرین کی بالائی پٹی پر اسکرین ناموں کے برابر میں (سرخ/سبز/نارنجی) **رنگوں** کو دیکھیں۔
- ✓ شہری کو ان کی طرف گھمے ہوئے مانیٹر سے محفوظ معلومات کو **دیکھنے اور تصدیق** کرنے کو کہیں
- ✓ اگر شہری نا بینا ہے یا پڑھنے سے قاصر ہے یا اگر ضرورت ہو تو اسکرین پر موجود **عبارت کو پڑھیں**
- ✓ کسی بھی غلطی کی صورت میں محفوظ معلومات کی تصحیح کریں اور شہری کے ساتھ انہیں دوبارہ دیکھیں
- ✓ سوپر وائیزر کا سائن آف لیں اگر نام اندراج کنندہ کے پاس بایو میٹرک انفرادیت ہے
- ✓ تعارف کنندہ/ ایچ او ایف پر مبنی تصدیق کی صورت میں، تعارف کنندہ/ ایچ او ایف کا سائن آف لیں
- ✓ انرولمنٹ کے لئے رضا مندی پر شہری کا **دستخط** یا **انگوٹھے کا نشان** لیں
- ✓ اگر شہری پانچ سال سے کم عمر کا بچہ ہو، باپ/ ماں/ گارجین جس کی انرولمنٹ آئی ڈی سافٹ ویر میں محفوظ کی گئی تھی رضا مندی کے لئے وہ دستخط کرے گا/ انگوٹھے کا نشان دے گا۔
- ✓ تعارف کنندہ پر مبنی تصدیق کی صورت میں تعارف کنندہ شہری کی طرف سے انرولمنٹ کے لئے رضا مندی پر دستخط کرے/ انگوٹھے کا نشان لگائے
- ✓ اکنالجمنٹ پر دستخط کریں اور مہر لگائیں۔ اکنالجمنٹ کی (شہری کاپی) شہری کے حوالے کریں
- ✓ اکنالجمنٹ شہری کے حوالے کرتے ہوئے شہری کو **بتائیں** کہ:

- اکنالجمنٹ پر مرتسم انرولمنٹ نمبر آدھار نمبر **نہیں** ہے اور یہ کہ شہری کا آدھار نمبر بعد میں ایک خط کے ذریعہ بھیجا جائے گا۔ یہ پیغام اکنالجمنٹ پر بھی مرتسم ہے۔
- شہری ضروری طور پر اپنا اپنے بچوں کے انرولمنٹ اکنالجمنٹ کو مستقبل میں حوالے کے لئے محفوظ رکھیں
- 96 گھنٹوں کا وقت ہے جس میں شہری کے ڈاٹا کی تصحیح کی جا سکتی ہے، چنانچہ کسی غلطی کی صورت میں وہ اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں
- آدھار کی تخلیق کی **صورتحال** جاننے کے لئے وہ کال سنٹر میں فون کر سکتے ہیں یا ای-آدھار پورٹل/ آدھار پورٹل/ ویب سائٹ پو لاگ آن کر سکتے ہیں
- آدھار نمبر علاقائی ڈاکخانہ کے ذریعہ یا دوسری متعین ایجنسی کے ذریعہ انرولمنٹ کے وقت فراہم کئے گئے پتہ پر ارسال کیا جائے گا

## دستاویز کی تنظیم کے وقت

- ✓ انرولمنٹ کی تکمیل کے بعد فورا دستاویز حاصل کریں اور اور بائیں طرف **اسٹیپل** کر دیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ایک شہری کے دستاویزات **ایک ساتھ باندھے گئے ہیں** جن میں سب سے اوپر انرولمنٹ فارم ہے۔ اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ **ایک سیٹ میں سارے دستاویزات ایک ہی شہری سے متعلق ہیں۔**

- ✓ *مناسب باکس میں سارے دستاویز جمع کریں اور **موڑنے اور زیادہ ٹھوسنے سے گریز** کریں*
- ✓ دستاویز کو راست دھوپ، جلانے والے مواد، گرد اور پانی سے محفوظ رکھیں۔ ماحولیاتی خطرات سے حفاظت کے لئے دستاویزات کے سیٹ کو **پلاسٹک کور میں محفوظ کرنا** زیادہ مناسب ہے۔
- ✓ **دستاویزات پر لکھنے سے گریز کریں**؛ آئندہ زمانے میں اس سے اضطراب پیدا ہو سکتا ہے
- ✓ سیدھے رسی یا ٹیپ سے دستاویزات کو باندھے سے گریز کریں۔ اس کی وجہ سے دستاویزات ہمیشہ کے لئے خراب ہو جائیں گے۔ اگر باندھنا ضروری ہو پی ای ٹی اسٹریپس کا استعمال کریں جس میں کناروں کی حفاظت ہوتی ہے
- ✓ **انرولمنٹ کی ترتیب** میں دستاویزات کو فائل کریں
- ✓ انرولمنٹ ڈاکیومنٹ کو احتیاط سے اٹھائیں اور خرابی یا چوری سے بچائیں
- ✓ شام کے وقت دستاویزات اپنے سوپر وائزر/ متعین فرد کے حوالے کرنے کو یقینی بنائیں

## دستاویز کی تنظیم کے وقت (جب اسکین کی سہولت مہیا ہو)

- ✓ ہر دستاویز کی **اصلی** کاپی کو اسکین کر لیں
- ✓ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسکین میں دستاویز کا مطلوبہ حصہ (آدھار انرولمنٹ کے وقت داخل کردہ **معلومات**) صاف نظر آ رہا ہے اور دستاویز کے صفحات ایک دوسرے پر چڑھے نہیں ہیں۔
- ✓ جب دستاویز کے سارے صفحات اسکین ہو جائیں، اسکین شدہ تمام صفحات کی تعداد کو **چیک** کریں اور توثیق کر لیں کہ تمام صفحات اسکین ہو چکے ہیں
- ✓ تمام اصلی دستاویز شہری کو واپس کر دیں

## نواہی

- ✗ انرولمنٹ کے لئے کسی بھی شہری سے روپیہ نہ مانگیں
- ✗ کسی بھی شخص کو کسی دوسرے شہری کے بدلے میں آنے کی اجازت نہ دیں
- ✗ ڈیموگرافک خانہ میں نام داخل کرتے وقت جناب، محترمہ، میجر، ریٹائرڈ وغیرہ جیسے القاب و خطابات شامل نہ کریں
- ✗ معلومات درج کرتے وقت غیر ضروری خالی جگہ، رموز واوقاف اور بڑے حروف کا استعمال نہ کریں
- ✗ جس خانہ کے لئے شہری نے کوئی معلومات فراہم نہیں کی ہے وہاں این/اے، این اے وغیرہ داخل نہ کریں۔ ان غیر ضروری خانوں کو خالی چھوڑ دیں
- ✗ جہاں بایو میٹرکس قید کئے جا سکتے ہیں وہاں بایو میٹرک انفرادیت کو نشان زد نہ کریں۔ اسے "دھوکہ دہی" تصور کیا جائے گا اور سخت سزا کا موجب گا۔

- شہری کے چہرے کی تصویر لیتے وقت کسی کا بھی سر گردش میں یا جھکا ہوا نہیں ہونا چاہیے
- چہرے کی تصویر لیتے وقت کسی بھی شہری کو چبانے اور بات کرنے کی اجازت نہ دیں
- کسی بھی ایسے چہرے کی تصویر نہ لیں یا محفوظ کریں جس میں حرکت کی وجہ سے دھندلا پن ہو، زیادہ یا کم تاثر ہو، غیر فطری رنگ کی چمک ہو یا مسخ ہو
- کوئی بھی ایسی تصویر نہ لیں یا محفوظ کریں جو غیر فطری تاثر (مسکراہٹ)، کھلے ہوئے دانت یا دونوں آنکھیں بند ہونے کے ساتھ یا شہری کیمرہ میں نہ دیکھ رہا ہو، لی گئی ہو
- نام اندراج کنندہ کے بالکل اوپر کوئی روشنی استعمال نہ کریں اس لئے کہ اس سے سایہ پیدا ہو سکتا ہے
- چہرے کی تصویر لیتے وقت ڈارک چشمے/ سیاہ رنگ کا چشمہ پہننے کی اجازت نہ دیں
- ہیٹ/چہرے یا سر کو ڈھانکنے کی چیزوں کی اجازت نہ دیں، الا یہ کہ یہ مذہبی وجوہات سے پہنی گئی ہو۔ تاہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ پورا چہرہ صاف نظر آ رہا ہے
- چہرے کی تصویر لیتے وقت کسی بھی ایسی چیز کی اجازت نہ دیں جس سے چہرے کا کوئی حصہ چھپ جاتا ہو
- جو انرولمنٹ آپ نے کیا ہے اس پر کسی اور کو دستخط نہ کرنے دیں
- جو انرولمنٹ کسی دوسرے آپریٹر کے ذریعہ ہوا ہے اس پر آپ دستخط نہ کریں
- شہری کے دستاویزات پر نہ لکھیں
- سیدھے رسی یا ٹیپ سے دستاویزات کو نہ باندھیں، اس لئے کہ اس سے دستاویزات ہمیشہ کے لئے خراب ہو سکتے ہیں
- نہ توشہری سے حاصل کردہ دستاویز سے اسٹیپلر پن اکھاڑیں، نہ ہی دوبارہ لگائیں اور نہ ہی انہیں موڑیں۔
- دستاویزات کہ راست دھوپ میں، جلانے والے مواد کے قریب، گرد یا پانی میں نہ رکھیں
- شہری کی معلومات کو ایک بار سے زائد تصحیح کی اجازت نہ دیں
- غصہ میں نہ تو سیدھے رد عمل کریں اور نہ ہی کچھ بڑبڑائیں
- ان اصطلاحات کا استعمال نہ کریں جو آسانی کے ساتھ زیادہ لوگوں کہ سمجھ میں نہ آئے
- زیادہ تیز یا زیادہ سست رفتاری سے نہ بولیں
- اپنے آپ اندراج فارم میں کوئی تبدیلی نہ کریں۔ اگرچہ رہائشی فارم میں چھوٹی سی تبدیلی کرنے پر زور ڈالے تو آپریٹر کو چاہیے کہ اس کو تصدیق کنندہ کے حوالے کر دے۔ اس طرح کے حالات میں آپریٹر شائستگی کے ساتھ رہائشی سے تصدیق کنندہ کے پاس جانے اور تبدیلی کراکر اسی وقت اندراج فارم میں تصدیق کنندہ کے دستخط کرائے۔